## سوال

(214) میت کے آگے آگے خاص مقررہ اشخاص زورزور سے کلمہ الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس جگہ دستور ہے کہ میت کے آگے آگے خاص مقررہ اشخاص زور زور سے کلمہ اور مولود پڑھتے ہیں، میت کو قبرستان لے جاتے ہیں۔ اور بعد دفن میت پر زور زور سے اذان کہتے ہیں۔ ان کی بابت واضح حکم کیا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں شک نہیں کہ یہ اطوار اور افعال آنحضرت ﷺ اور صحابہ کبار کے زمانہ میں نہ تھے، نہ آئمہ اربعہ نے ان کا حکم دیا ہے۔ نہ فقہ کی کسی معتبر کتاب میں کسی امام مجتہد کا کوئی قول ان اقوال کے متعلق ملتا ہے۔ کسی چھوٹے موٹے ملانے کہہ دیا ہو تو دین میں اسکی کوئی وقعت نہیں لہذا یہ اقوال قطعاً بدعت واجب الترک ہیں۔

(فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۴۲)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد05 ص369**

محدث فتویٰ